## سوال

(62)چمار، بھیل، اچھوت شودراور بے نمازی برابر ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چماریا بھیل یا کسی بھی اچھوت شودر کے یہاں کی کوئی چیز کھانے اورپینے اورفاسق فاجر یا بے نمازی مسلمان کے ہاتھ کھانے پینے میں فرق یا دونوں برابر ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دونوں میں بڑا فرق ہے پہلا مشرک اورعندالظاہر یہ نجس ہے۔ طہارت اس کے نزدیک کوئی چیز نہیں ہے۔ مرداروشراب وغیرہ عام طورپر استعمال کرتا ہے اورکسی چیز میں احتیاط نہیں کرتا،بخلاف مسلم فاسق وفاجر یا بے نمازی کے کہ وہ ایسا نہیں،اس لیے میرے نزدیک صرف اچھوت ہی نہیں بلکہ ہندوکی ہرچیز ترہویاخشک کے استعمال میں سخت احتیاط برتنی چاہئیں۔ اگر مسلمانوں میں مذہبی حمیت اوردینی غیرت ہے تواب سے ہوش میں آجانا چاہیے اوردوسروں سے سبق حاصل کرنا چاہئیے۔ البتہ فاسق فاجراوربے نمازی سے اسے لیے قطع تعلق کرلینا کہ وہ اپنے فسق وفجوراوربد عملی سے بازآجائے شرعاجائز ہے۔ (محدث دہلی ج:9ش:4رجب1361ھ اگست 1941ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

### جلد نمبر 1

### صفحہ نمبر 160

### محدث فتویٰ